**10.11.2025**
**21.15 Hrs.**
**HL Opening**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ضمیر رضوی

**Music**

..................................

☆ دلّی کے لال قلعہ میٹرو اسٹیشن علاقے میں ایک طاقتور کار دھماکہ ہوا ہے، کئی لوگوں کے ہلاک ہونے کا اندیشہ ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے صورتحال کا جائزہ لیا ہے۔
☆ بہار اسمبلی انتخابات کے دوسرے اور آخری مرحلے میں کل ووٹنگ ہوگی۔ 20اضلاع کے 122حلقوں میں ایک ہزار 300سے زیادہ امیدوار میدان میں ہیں۔
☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کا کہنا ہے کہ آپریشن سندور میں دفاعی سرکاری سیکٹر کی کمپنیوں کی کارکردگی ملک کے مقامی پلیٹ فارمس کی معتبریت اور صلاحیت ثابت ہوچکی ہے۔
☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے انگولا کی قومی اسمبلی سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ بھارت اور انگولا کے پاس مختلف شعبوں میں اقتصادی تعلقات کو مستحکم کرنے کے بڑے مواقع ہیں۔
☆ وزیر اعظم نریندر مودی کل سے دو روزہ بھوٹان کا دورہ کریں گے۔
☆ اِس سال کی دوسری سہ ماہی میں بھارت کی بے روزگاری کی شرح کم ہوکر پانچ اعشاریہ دو فیصد ہوگئی ہے۔
☆ اور تیر اندازی میں ڈھاکہ میں جاری ایشیائی چمپئن شپ میں بھارت کیلئے کم از کم دو تمغہ یقینی ہوگیا ہے۔

..................................

**(Music)**
اب خبریں تفصیل سے

**New Lal Quila CaarBlast**

نئی دلّی میں لال قلعہ میٹرو اسٹیشن کے نزدیک آج شام ایک طاقتور کار دھماکہ ہوا ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے دلّی پولیس کمشنر ستیش گولچہ نے کہا کہ شام تقریباً چھ بجکر 52منٹ پر ایک گاڑی ریڈ لائٹ پر رُکی اور اُس میں دھماکہ ہوگیا۔ انھوں نے کہا کہ دھماکہ کی وجہ سے آس پاس کی گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا۔ پولیس کمشنر نے بتایا کہ کچھ لوگوں کی موت ہوئی ہے جبکہ کئی اور لوگ زخمی ہوئے ہیں۔
وزیر اعظم نریندر مودی نے دھماکے کے بعد صورتحال کا جائزہ لیا ہے۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ انھوں نے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ سے بات کی اور صورتحال پر تازہ جانکاری حاصل کی۔
اسی دوران وزیر داخلہ امت شاہ نے دلّی پولیس کمشنر، NIA کے ڈی جی اور انٹلیجنس بیورو کے ڈائریکٹر سے

بات کی اور صورتحال کا جائزہ لیا۔ ذرائع کے مطابق جناب شاہ نے NSG، این آئی اے اور فورینسک ڈپارٹمنٹ کو ہدایت دی کہ وہ فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچیں۔ وزیر داخلہ لگاتار IB کے ڈائریکٹر کے رابطے میں ہیں۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے دلّی فائر سروس نے کہا ہے شام تقریباً 6 بجکر 55 منٹ پر حادثے کے بارے میں ایک کال موصول ہوا۔ اس نے کہا کہ فائر سروس کی 7 گاڑیوں کو جائے حادثہ کیلئے روانہ کیا گیا۔x

## Bihar Polls

بہار میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے اور آخری مرحلے میں 20 اضلاع کے 122 حلقوں میں کل ووٹنگ ہوگی۔ ملک کے انتخابی کمیشن نے آزادانہ، منصفانہ اور پُرامن پولنگ کو یقینی بنانے کیلئے تمام انتظامات کئے ہیں۔ اس مرحلے میں بھارت–نیپال سرحد پر واقع حلقوں اور سیمانچل، مگدھ، شاہ آباد، کوسی اور متصلانچل علاقوں میں ووٹنگ ہوگی۔ کل کے انتخابات میں تین کروڑ 70 لاکھ سے زیادہ ووٹر ایک ہزار 302 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے جس میں 136 خواتین بھی شامل ہیں۔ ووٹنگ صبح سات بجے شروع ہوگی اور شام پانچ بجے تک جاری رہے گی۔ البتہ سکیورٹی وجوہات کی بنا پر 7 اسمبلی حلقوں اور مخصوص پولنگ اسٹیشنوں پر ووٹنگ پانچ بجے تک ہوگی۔

سات ریاستوں کے آٹھ اسمبلی حلقوں کے ضمنی انتخابات کیلئے کل ہی ووٹنگ ہوگی۔ اِن میں، جموں وکشمیر کے بڈگام اور نگروٹہ، راجستھان کے Anta، جھارکھنڈ کے گھاٹ سِلہ، تلنگانہ کے جوبلی ہلز، پنجاب کے ترن تارن، میزورم کے Dampa اور اڈیشہ کے Nuapada اسمبلی حلقے شامل ہیں۔ووٹوں کی گنتی بہار اسمبلی انتخابات کے ساتھ ساتھ 14 نومبر کو ہوگی۔x

## Shah Co-OP Kumbh

امور داخلہ اور امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے کہا ہے کہ سماج کے محروم طبقے اور امنگوں بھرے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کیلئے شہری امدادِ باہمی بینکوں کو آگے آنا چاہیے۔ جناب شاہ نے آج نئی دلّی میں شہری امداد باہمی قرضہ جات شعبے کی بین الاقوامی کانفرنس، Co-OP Kumbh-2025 کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ شہری امداد باہمی بینکوں اور قرضہ جات سوسائٹیوں کی قومی فیڈریشن، NAFCUB لمیٹڈ اور شہری تنظیموں کو چاہیے کہ وہ رہنما خطوط جاری کریں، جس سے شہری امداد باہمی کی ہر بینک اپنے مالیاتی ڈھانچے کو دوبارہ ڈیزائن کرسکے۔ اِس دو روزہ کانفرنس کا انعقاد، NAFCUB اور امداد باہمی کی وزارت کی جانب سے مشترکہ طور پر کیا جا رہا ہے۔ اِس کانفرنس کا موضوع ہے : خوابوں کا ڈیجیٹلائزیشن– برادریوں کو بااختیار بنانا۔x

## Rajnath DPSU Bhavan

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج زور دے کر کہا ہے کہ بھارت نے سال 2024-25 میں تقریباً ایک لاکھ 51 ہزار کروڑ روپئے کی دفاعی پیداوار حاصل کی ہے جس میں دفاعی سرکاری سیکٹر کی کمپنیوں کا حصہ 71 اعشاریہ 6 فیصد ہے۔ وزیرموصوف نے یہ بات دفاعی سرکاری سیکٹر کی کمپنیوں کے بھون کا افتتاح کرنے کے بعد کہی۔ جدید

سہولیات سے لیس یہ بھون نئی دلّی کے ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں واقع ہے۔ انھوں نے کہا کہ دفاعی برآمدات 6ہزار 995 کروڑ روپئے تک پہنچ گئی ہے اور یہ بھارت کے گھریلو نظام میں عالمی اعتماد کا مظہر ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اِس سے اِس بات کا واضح اشارہ ملتا ہے کہ 'میڈ اِن انڈیا' کے دفاعی سازوسامان، عالمی پیمانے پر عزت کی نظر سے دیکھے جاتے ہیں۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کا کہنا ہے کہ آپریشن سندور میں دفاعی سرکاری سیکٹر کی کمپنیوں کی کارکردگی ملک کے مقامی پلیٹ فارمس کی معتبریت اور صلاحیت ثابت ہوچکی ہے۔x

## Defence Secy Vietnam

دفاعی سکریٹری راجیش کمار سنگھ نے آج ہنوئی میں ویتنام کے قومی سلامتی کے نائب وزیر، سینئر لیفٹیننٹ جنرل Hoang Zuan Chien کے ساتھ 15ویں بھارت–ویتنام دفاعی پالیسی مذاکرات کی مشترکہ صدارت کی۔ اِس موقع پر دونوں نے آبدوزوں سے تلاش اور بچاؤ کارروائی کی مشترکہ کوشش اور تعاون سے متعلق سمجھوتے اور دفاعی صنعتی تعاون کو مستحکم کرنے سے متعلق اقرار نامے پر دستخط کیے۔ وزارت دفاع نے سوشل میڈیا پوسٹ میں بتایا کہ بات چیت کے دوران اِس بات کی توثیق کی گئی کہ دفاعی شراکت داری، بھارت اور ویتنام کے درمیان جامع اسٹریٹجک شراکت داری کا کلیدی ستون بنی ہوئی ہے۔x

## President Angola

صدرِ جمہوریہ دروپدی نے آج Luanda کی نیشنل اسمبلی میں انگولا کے اراکینِ پارلیمنٹ سے خطاب کیا۔ صدرِ جمہوریہ نے، اِس موقع پر جدوجہدِ آزادی سے لے کر امن اور جمہوریت تک کے انگولا کے سفر کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ انگولا کی نیشنل اسمبلی سے خطاب کرنا، اُن کیلئے فخر کی بات ہے۔

انگولا کے دورے کیلئے مدعو کرنے پر صدر Joao Manuel Goncalves Lourenco کا شکریہ ادا کرتے ہوئے، صدرِ جمہوریہ نے اجاگر کیا کہ انگولا کی آزادی کی گولڈن جوبلی کے علاوہ، سال 2025اِس لئے بھی اہم ہے کہ اِس سال بھارت اور انگولا اپنے سفارتی تعلقات کا 40سالہ جشن منا رہے ہیں۔ صدر مرمو نے کہا کہ ایسے مواقع دونوں ملکوں کیلئے باہمی تحریک کی وجہ بنتے ہیں۔

### SB - President Murmu

اِس سے پہلے دن میں صدرِ جمہوریہ نے Luanda میں Fortaleza de Sao Miguel قلعے کا دورہ کیا۔ اِس قلعے میں مسلح فورسز کا میوزیم واقع ہے۔ یہ میوزیم انگولا کی طویل اور پیچیدہ فوجی تاریخ کے ساتھ ساتھ نوآبادیاتی دور اور آزادی کی جدوجہد کو بیان کرتا ہے۔ صدرِ جمہوریہ مرمو دو افریقی ملکوں، انگولا اور بوتسوانا کے سرکاری دورے کے پہلے مرحلے کے تحت ہفتے کے روز Luanda پہنچی ہیں۔ x

## PM Bhutan Visit

وزیر اعظم نریندر مودی کل، بھوٹان کے دو روزہ دورے پر جارہے ہیں۔ یہ دورہ دونوں ملکوں کے درمیان اعلیٰ

سطحی تبادلے کی جاری روایت کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے اور اِس کا مقصد بھارت اور بھوٹان کے درمیان خصوصی دوستی اور تعاون کو مزید مستحکم کرنا ہے۔ دورے کے دوران جناب مودی اور بھوٹان کے شاہ جگمے کھیسر نامگیال وانگ چُک ایک ہزار 20میگاواٹ Punatsangchhu-II پن بجلی پروجیکٹ کا افتتاح کریں گے۔ بھارت اور بھوٹان نے مل کر اِس پروجیکٹ پر کام کیا ہے۔ وزیر اعظم بھوٹان کے چوتھے شاہ جگمے Singye وانگ چُک کے 70ویں یومِ پیدائش کی تقریبات میں شرکت کریں گے اور اپنے ہم منصب Tshering Tobgay سے بھی ملاقات کریں گے۔x

## Unemployment Data July-Sept

موجودہ سال کی دوسری سہ ماہی میں بھارت میں بے روزگاری کی شرح گھٹ کر پانچ اعشاریہ دو فیصد ہوگئی ہے۔ پہلی سہ ماہی میں 15سال اور اُس سے زیادہ کی عمر کے نوجوانوں نے بے روزگاری کی یہ شرح پانچ اعشاریہ چار فیصد تھی۔ شماریات اور پروگرام کے نفاذ کی وزارت کے افرادی قوت اور بے روزگاری سے متعلق ماہانہ اعداد و شمار کے مطابق اِس سال جولائی سے ستمبر کی سہ ماہی کے دوران دیہی بے روزگاری کی مجموعی شرح چار اعشاریہ چار فیصد اور شہری بے روزگاری کی مجموعی شرح چھ اعشاریہ 9فیصد رہی۔ x

## PIB Fact Check

حکومت نے ٹرین اور فضائی حادثوں سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کر رہے ویڈیوز کے دعووں کو مسترد کر دیا۔ پریس انفارمیشن بیورو، PIB کی فیکٹ چیکنگ یونٹ نے کہا کہ یہ ویڈیوز جعلی ہیں اور مصنوعی ذہانت، AI کا استعمال کرتے ہوئے بنائے گئے ہیں۔ یونٹ نے شہریوں سے جعلی خبروں کی روک تھام کی مہم کا سرگرم حصہ بننے اور مستند معلومات کیلئے صرف سرکاری ذرائع پر انحصار کرنے کی اپیل کی ہے۔ PIB نے مزید کہا کہ یہ مواد، عام لوگوں میں دہشت اور سنسنی پھیلانے کی بد نیتی سے تیار کیا گیا ہے اور لوگوں سے اپیل کی کہ وہ اِس طرح کے مواد کو شیئر نہ کریں۔ x

## Sanskrit Mahotsav Colombo

بھارتی ہائی کمشنر سنتوش جھا اور سری لنکا کے تعلیم اور اعلیٰ تعلیم کے نائب وزیر ڈاکٹر Madhura Senevirathna نے آج کولمبو یونیورسٹی میں مشترکہ طور پر ایک ہفتہ طویل بھارت–سری لنکا سنسکرت مہوتسو کا افتتاح کیا۔ یہ فیسٹیول بصیرت، ہم آہنگی اور علم کی ابدی زبان کے طور پر سنسکرت کا جشن منانا ہے۔ سوامی وویکانند ثقافتی مرکز، سری لنکا کی وزارتِ تعلیم، سینٹرل سنسکرت یونیورسٹی اور بھارت–سری لنکا فاؤنڈیشن نے مل کر اس مہوتسو کا اہتمام کیا ہے۔ اس کا مقصد دونوں ملکوں کے اسکالرز، بودھ بھکشوؤں اور طلبا کو ایک ساتھ لانا ہے۔ بھارتی ہائی کمشنر سنتوش جھا نے بھارت اور سری لنکا کے درمیان ثقافتی رابطوں کو مستحکم کرنے میں سنسکرت کی بے مثال خدمات کو اجاگر کیا۔ سری لنکا کے وزیر ڈاکٹر Senevirathna نے جدید تعلیم کے دائرے میں کلاسیکی علم کے تحفظ کیلئے

جاری تال میل کی ستائش کی۔اِس مہوتسو میں ورکشاپ، لیکچر اور پرفارمنس ہوں گے جو ایک مشترکہ تہذیب کی وراثت کے طور پر سنسکرت کی اہمیت کو اجاگر کریں گے۔x

## IMD

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے کل کیرالہ اور ماہے میں تیز بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے چھتیس گڑھ، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، مدھیہ پردیش، پنجاب اور مغربی اترپردیش میں سرد لہر کی پیشگوئی کی ہے۔تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائیکل میں گرج چمک کے ساتھ بارش کی توقع ہے۔

اِسی دوران دلّی NCR میں ہوا کا معیار بدستور نہایت ہی خراب زمرے میں ہے۔ آلودگی کے کنٹرول سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق آج شام سات بجے ہوا کے معیار کا انڈیکس AQI اوسطاً 345ریکارڈ کیا گیا۔ صفر سے پچاس تک کا AQI اچھا، 51سے 100 تک قابل تشفی، 101سے 200 تک معتدل، 201سے 300 تک خراب اور 301سے 400 تک بہت ہی خراب مانا جاتا ہے۔ 401سے 450 تک خطرناک تصور کیا جاتا ہے۔x

## Gaza Ceasefire

مصر اور قطر نے غزہ پٹّی میں جنگ بندی کو مستحکم کرنے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ ایک ٹیلیفونِک بات چیت کے دوران دونوں ملکوں کے حکام نے غزہ کے لیے امریکی امن منصوبے کے نفاذ کے بارے میں جاری مشورے کی پیشرفت کا جائزہ لیا اور فلسطینی انتظامیہ کے تحت مغربی کنارے اور غزہ کو متحد رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔ انھوں نے غزہ میں استحکام لانے والی ایک بین الاقوامی فورس کی تعیناتی پر اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں تبادلۂ خیال پر بھی بات چیت کی۔ دونوں وزراء نے مغربی کنارے میں اسرائیلی بستیاں بسانے کی سرگرمیوں کو مسترد کرنے کی بات بھی دوہرائی۔ انھوں نے انتباہ دیا کہ اس طرح کی کارروائیاں امن و استحکام کے لیے خطرہ ہیں۔

اسرائیل اور حماس کے درمیان موجودہ جنگ بندی دو سال کی لڑائی کے بعد 10اکتوبر کو لاگو ہوئی تھی۔ یہ جنگ بندی مصر، قطر، ترکیہ اور امریکی جانب سے کی گئی ثالثی کے بعد ہوئی تھی۔x

## India Archery Finals

ڈھاکہ میں جاری ایشیائی تیر اندازی چیمپئن شپ 2025میں بھارت نے کم از کم دو تمغے یقینی بنا لئے ہیں کیونکہ مردوں کی recurve ٹیم اور خواتین کی کمپاؤنڈ ٹیم، دونوں نے آج سیمی فائنل میں متاثرکن کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے بعد فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

یشدیپ بھوگے، Atanu Das اور راہل پر مشتمل مردوں کی recurve ٹیم نے سیمی فائنل کے ایک سخت مقابلے میں قزاخستان کو تین کے مقابلے پانچ سے شکست دی۔

مردوں کی ٹیم نے زبردست دباؤ کے باوجود غیر معمولی توجہ اور کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سیمی فائنل میں جگہ بنائی۔ مردوں کے فائنل میں 14نومبر کو بھارت کا مقابلہ جنوبی کوریا سے ہوگا۔

خواتین کے کمپاؤنڈ مقابلوں میں دیپ شیکھا، جیوتی سُریکھا وینم اور پریتیکا پرادیپ پر مشتمل بھارتی ٹیم نے اپنی بہترین کارکردگی کا سلسلہ جاری رکھا۔ خواتین کی ٹیم نے سیمی فائنل میں بنگلہ دیش کو 227 کے مقابلے 234 سے شکست دی۔ خواتین کے فائنل میں 13 نومبر کو بھارت کا مقابلہ، جنوبی کوریا سے ہوگا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆